B.Ed./1 Sem/P-102/Dec 2015

December 2015ء دسمبر | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر | (Semester-1) سمسٹر۔۱

پرچہ ۱۰۲ : تعلیم کی فلسفیانہ بنیادیں

Paper - 102 : Philosophical Foundation of Education

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

781

حصہ A

نوٹ: مندرجہ ذیل (10) سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ **10 x 5 = 50**

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (15) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 5 نشانات مقرر ہیں۔

1. (الف) فلسفہ کا اشتقاقی معنی بتاتے ہوئے فلسفے کی تعریف بیان کیجیے۔

یا

(ب) تعلیم اور فلسفہ کے باہمی ربط کو مثالوں کے ذریعہ سمجھائیے۔

2. (الف) تعلیمی مقاصد کی تشکیل میں فلسفہ کا کیا رول ہے؟ بیان کیجیے۔

یا

(ب) تعلیم کے تصور کو بیان کرتے ہوئے اُس کی وسعت بیان کیجیے۔

3. (الف) قدیم ہندوستانی تعلیم کے تعلیمی نظام کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) Buddhist تعلیم کا تعارف کرتے ہوئے اس کے تعلیمی نظام کی وضاحت کیجیے۔

4. (الف) قرون وسطیٰ کے دور میں تعلیمی فروغ کا مختصر جائزہ لیجیے۔

یا

(ب) ڈاکٹر ذاکر حسین کے مطابق تعلیمی نصاب کیسا ہونا چاہیے؟ بیان کیجیے۔

5. (الف) مائیکولے Macaulay کا ہندوستان آنے کا مقصد کیا تھا؟ مائیکولے منٹس (Macaulay's Minutes) کی چار اہم سفارشات لکھیے۔

یا

(ب) ''مولانا آزاد کا مزاج سائنسی تھا'' اس قول کو دلیلوں سے ثابت کریں۔

6. (الف) تصوف (Sufism) پر ایک نوٹ لکھیے۔

یا

(ب) فلسفہ تصوریت (Idealism) کے مطابق تعلیم کے مقاصد کیا ہونے چاہیے۔ واضح کیجیے۔

7. (الف) اقدار (Values) کے تصور کو بیان کرتے ہوئے اس کی درجہ بندی کیجیے۔

یا

(ب) اقدار کا فروغ کرنے کے کون کون سے طریقے ہیں؟ بیان کیجیے۔

8. (الف) سرسید احمد خان کے تعلیمی مقاصد کیا تھے؟ تفصیل سے بتائیے۔

یا

(ب) تعلیمی فلسفہ (Education Philosophy) اور تعلیم کا فلسفہ (Philosophy of Education) کو اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

9. (الف) ''معلم ملک کا مستقبل سنوارنے والا اہم فرد ہے۔'' ایسا کیوں کہا جاتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) معلم کی پیشہ وارانہ صلاحیت کو اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

10. (الف) تدریسی پیشہ کی خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

(ب) فلسفہ سانکھیا Sankhaya پر مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ B

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ 2 x 10 = 20

(2) ہر سوال کا جواب 3 صفحات پر مبنی ہو اور ہر صفحے میں 15 سطور سے زائد نہ ہوں۔

(3) ہر سوال کے 10 نشانات مختص ہیں۔

11. (الف) اکبر کے دورِ حکومت میں تعلیمی نصاب کیا تھا؟ مسلم حکمرانوں کے دور میں اہم تعلیمی مرکز کون کون سے تھے؟ ان تعلیمی مراکز کے بارے میں تفصیل سے بیان کیجیے۔

یا

(ب) شری اروبندو گھوش کی مختصر سوانح عمری بیان کرتے ہوئے ان کی تعلیمی خدمات پر مفصل بحث کیجیے۔

12. (الف) فلسفہ عملیت (Pragmatism) کا مفہوم اور خصوصیات بیان کیجیے۔ آج کے دور میں فلسفۂ عملیت کے تعلیمی مقاصد کی کیا معنویت ہے۔ وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) معلم کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اوصاف واضح کیجیے۔ آپ کے مطابق مستقبل کے سماج کے لیے معلم کیسا ہونا چاہیے۔ اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

☆☆☆